اخبار الجامعة والجماعة

عیدالاضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم اُثریہ اور جامعہ اُثریہ للبنات میں تعطیلات

جامعہ علوم اُثریہ کے شعبہ کتب میں تعطیلات مؤرخہ 28 دسمبر بروز جمعرات سے شروع ہوکر مؤرخہ 12 جنوری جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی۔ جبکہ شعبہ حفظ میں مؤرخہ 28 دسمبر بروز جمعرات سے شروع ہوکر مؤرخہ 5 جنوری جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی۔

جامعہ اُثریہ للبنات کے تمام شعبہ جات میں تعطیلات مؤرخہ 28 دسمبر بروز جمعرات سے شروع ہوکر مؤرخہ 12 جنوری جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی۔ (ان شاءاللہ)

ضلعی یوتھ کنونشن

اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے زیر اہتمام ضلعی یوتھ کنونشن جامعہ علوم اُثریہ کے وسیع سبزہ زار میں منعقد ہوا جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی حافظ محمد عثمان کی تلاوت سے پروگرام کا آغاز ہوا۔ عمر، عثمان اور وقاص نے نظم پڑھی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض عامر سلیم علوی نے سرانجام دیے۔ ضلعی کنونشن میں ضلع جہلم کی تمام تحصیلوں سے اہل حدیث یوتھ فورس کے ذمہ داران وکارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر حافظ فیصل افضل شیخ نائب صدر اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا ہمارے پاس اہل حدیث یوتھ فورس کا پلیٹ فارم موجود ہے۔ یہ جوانوں کی جوانیاں لٹانے والی جماعت نہیں بلکہ ان کو راہ راست پر لانے والی جماعت ہے۔ اس لئے ہمیں اللہ کی رضا کیلئے اہل حدیث یوتھ فورس کیلئے وقت نکالنا چاہیے۔

جناب سعد مدنی صدر ASF پاکستان نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ افسوس اور دکھ کی بات ہے کہ جس ملک کی خاطر اتنی قربانیاں پیش کی گئیں وہاں ابھی تک قرآن وحدیث کا نفاذ نہ ہوسکا اور اسلامی تعلیمات کی بجائے مغربیت پسندی کوفروغ دیا جارہا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف علم جہاد بلند کیا جائے۔

ڈاکٹر عاطف جواد صدر AYF ضلع جہلم نے حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ روشن خیالی کی آڑ میں حکومت بے حیائی وفحاشی کوجنم دے رہی ہے اور اسلام کو انتہا پسندی کا مذہب قرار دے رہی ہے۔ اسلامی تشخص کو بگاڑ کر پیش کیا جارہا ہے۔ آخر میں حافظ عتیق اللہ عمر نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ ہمارا نصاب، ہمارا میڈیا، ہماری سیاست سب کچھ ہماری نسل کو غیر مذہبی رجحانات کی طرف مائل کرنے میں لگا ہوا ہے۔ ایسے حالات میں تمام مسائل کا حل صرف اور صرف قرآن وحدیث پر عمل کرنے میں ہی مضمر ہے۔ بعدازیں جامعہ اُثریہ میں گزشتہ سال منعقدہ فری آئی کیمپ میں کام کرنے والے کارکنان میں اُسناد تقسیم کی گئیں۔ پروگرام کے اختتام پر رئیس الجامعہ نے امت مسلمہ کی کامیابی وکامرانی کیلئے دعا کی۔ نیز کنونشن کی کامیابی میں ملک نعمان نذیر صدر AYF تحصیل جہلم کی انتھک کوشش اور محنت کا بڑا حصہ ہے۔ جسکی وجہ سے ضلعی کنونشن کامیاب ہوا۔